## شعیب اختر پر عائد پابندی کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے، الطاف حسین

لندن۔۔۔3اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر شعیب اختر پر عائد پابندی کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پسند ناپسند اور اقرباء پروری کی بنیاد پر کئے جانے والے فیصلوں کے باعث قومی کرکٹ ٹیم کا معیار زبوں حالی کا شکار ہے اور شعیب اختر پر پانچ سال کیلئے عائد کی جانے والی پابندی بھی اقرباء پروری کا تسلسل ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے شعیب اختر پر عائد کی جانے والی غیر منصفانہ پابندی کا فوری نوٹس لیا جائے اور پابندی کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے۔

## سندھ کے معروف دانشور خاکی جویو کے والد حاجی خان جویو کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔3اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ کے معروف دانشور،شاعر اور ادیب خاکی جویو کے والد حاجی خان جویو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حاجی خان جویو مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ کا پانچ رکنی وفد ذوالفقار علی بھٹو شہید کی برسی میں شرکت کیلئے گڑھی خدابخش جائے گا

## وفد میں ڈاکٹر فاروق ستار، انور عالم، عبدالحسیب، اشفاق منگی اور سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر رسید سردار احمد شامل ہونگے

کراچی۔۔۔3 اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کا پانچ رکنی وفد کل بروز جمعہ پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو شہید کی برسی میں شرکت کیلئے گڑھی خدابخش جائے گا۔وفد میں ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر رسید سردار احمد شامل ہوں گے۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے بدھ کو پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کے دورے کے موقع پر اپنے خطاب میں اعلان کیا تھا کہ ایم کیوایم کا وفد ذوالفقار علی بھٹو شہید کی برسی میں شرکت کیلئے گڑھی خدابخش جائے گا۔

## ایم کیوایم گلشن اقبال اور فیڈرل بی ایریا سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔3،اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-67 کے کارکن احمد فراز فاروقی کی والدہ محترمہ مسز فاروقی اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 152 کے کارکن مرزا وصی احمد بیگ کی اہلیہ محترمہ شمع وصی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی فطری اتحادی ہیں

## متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی کے مابین اتحاد، ملک کی ترقی وخوشحالی، جمہوریت کے فروغ، قومی مفاہمت اور سندھ میں بھائی چارے کے فضاء کے قیام میں اہم کردار ادا کرے گی

## نائن زیرو کراچی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کے تہنیتی پیغامات

کراچی۔۔۔3اپریل2008ء

پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں مقیم زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی فطری اتحادی ہیں اور دونوں جماعتوں کے مابین اتحاد، ملک کی ترقی وخوشحالی، جمہوریت کے فروغ، قومی مفاہمت اور سندھ میں بھائی چارے کے فضاء کے قیام میں اہم کردار ادا کرے گی ۔ ان خیالات کا اظہار مختلف سیاسی ، سماجی، ادبی ، کاروباری اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن بذریعہ ٹیلی فون، ای میل اور فیکس کے ذریعے کیا۔ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے اپنے پیغامات میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی سندھ کی بڑی اور ایم کیوایم دوسری بڑی جماعت ہے اور دونوں جماعتوں کا اتحاد فطری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری اور پیپلز پارٹی کے دیگر رہنماؤں کی جانب سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو آمد اور ایم کیوایم کی جانب سے ان رہنماؤں کا پرجوش خیر مقدم پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک مثبت روایت کو جنم دے گا اور دونوں جماعتوں کی جانب سے خیرسگالی کے جذبے کے اس اظہار سے ملک کی ترقی وخوشحالی، جمہوریت کے فروغ، قومی مفاہمت اور سندھ میں بھائی چارے کی فضاء قائم ہوگی جو پاکستان کے سیاسی مستقبل کیلئے نیک شگون ثابت ہوگی۔ پیغامات ارسال کرنے والوں نے کہا کہ ایک سازشی منصوبے کے تحت سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑایا جاتا رہا ہے لیکن گزشتہ روز جناب الطاف حسین اور آصف علی زرداری نے آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے جس طرح ایک دوسرے کو معاف کرکے ملک اور صوبے کی ترقی کیلئے مثبت خیالات کا اظہار کیا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان انتہائی نازک صورتحال سے دوچار ہے اور اس وقت قومی مفاہمت کی اشد ضرورت ہے ۔ پیغامات ارسال کرنے والی شخصیات نے ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کی قیادت کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ دونوں جماعتوں کے درمیان اتحاد کی فضاء کو قائم رکھے اور دونوں جماعتوں کو ملک وقوم کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کا حوصلہ اور ہمت عطا فرمائے۔

## اداروں میں ٹریڈ یونین کی بحالی جمہوریت کے فروغ میں اہم سنگ میل ہے، ایم کیوایم لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔3، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے ٹریڈ یونین کی بحالی کا خیرمقدم کیا ہے اور اس اقدام کو جمہوریت کے فروغ کیلئے اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) میں متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی یونائیٹڈ ورکرز یونین کے زیراہتمام یونین کے بحالی کی خوشی میں جمعرات 3اپریل کو خیرمقدمی ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں پی آئی اے کے ملازمین، افسران ، انجینئرز اور مختلف سماجی انجمنوں کے علاوہ یونائیٹڈ ورکرز یونین کے محنت کشوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر، رکن اکرم اور پی آئی اے یونین کے چیئرمین عارف شفیق نے بھی شرکت کی۔ خیرمقدمی ریلی پی آئی اے انجینئرنگ ہیڈآفس سے شروع ہوئی جو ائیرپورٹ کے اندرونی راستوں سے ہوتی ہوئی واپس انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ ہیڈآفس پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں وزیراعظم کی جانب سے ٹریڈ یونین پر پابندی کے خاتمہ کے اعلان پر خیرمقدمی کلمات پر مبنی بینرز، جناب الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیوایم کے پرچم اٹھا رکھے تھے۔ ریلی کے شرکاء جئے الطاف، جئے متحدہ، جئے سندھ کے فلک شگاف نعرے بھی لگا رہے تھے۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ذمہ داران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک جمہوریت پسند جماعت ہے جو محنت کشوں کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ہر سطح پر محنت کشوں کے مسائل کو اجاگر کرتی رہی گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے ٹریڈ یونین کی بحالی اور پابندی کا خاتمہ نہ صرف قابل ستائش اقدام ہے بلکہ جمہوریت کے فروغ میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا جس کا محنت کش زبردست خیرمقدم کرتے ہیں۔

## گورنر سندھ اور ڈپٹی اسپیکر آزاد کشمیر کی اخبارات میں شائع ہونے والی تصاویر 6 ماہ پرانی ہیں
## ایم کیوایم آزاد کشمیر آرگنائزنگ کمیٹی

مظفرآباد۔۔۔3، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کی مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے گزشتہ روز گورنر سندھ اور ڈپٹی اسپیکر آزاد کشمیر کی اخبارات میں شائع ہونے والی تصاویر 6 ماہ پرانی ہیں اور آزاد کشمیر حکومت ان تصاویر کی اشاعت کے بعد یہ ظاہر کرنے کی کوشش کررہی ہے کہ اس کے متحدہ قومی موومنٹ کی قیادت سے رابطے میں ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ایم کیوایم آزاد کشمیر میں اپوزیشن کا کردار ادا کررہی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں کشمیر آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے آزاد کشمیر حکومت کی کرپشن کو ایوان کے اندر اور باہر بے نقاب کیا ہے جس پر ایم کیوایم کو مختلف انداز سے نشانہ بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم کانفرنس حکومت کی طرف سے آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے خلاف مسلسل انتقامی کارروائیوں کا ایم کیوایم کی اعلیٰ قیادت نے سخت نوٹس لیا جائے۔

☆☆☆☆☆